Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کے انعقاد کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی جمع کروانے کا وقت ختم

انٹرا پارٹی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا وقت آج مؤرخہ 25 فروری سہ پہر تین بجے تک تھا

بانی چیئرمین کے نامزد کردہ امیدوار برائے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے انٹرا پارٹی انتخابات کیلئے اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیے۔ مرکزی تنظیم کیلئے بانی چیئرمین کے نامزد کردہ امیدوار برائے مرکزی سیکرٹری جنرل عمر ایوب خان کی قیادت میں 15 رکنی پینل کے کاغذاتِ نامزدگی بھی جمع

سندھ سے اشرف قریشی، بلوچستان سے محمد اسلم اور خیبر پختونخوا سے نوید انجم نے بھی چیئرمین کے عہدے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کروا دیے

پنجاب سے بانی چیئرمین کے نامزد کردہ ڈاکٹر یاسمین راشد کے علاوہ محمد خان مدنی اور اسد حنیف نے بھی پنجاب کی صوبائی تنظیم کیلئے پینلز کے کاغذاتِ نامزدگی جمع کروا دیے

سندھ کی تنظیم کیلئے بانی چیئرمین کے نامزد کردہ حلیم عادل شیخ اور خاوند بخش غلام محمد کی قیادت میں دو پینلز کے کاغذاتِ نامزدگی موصول

بلوچستان سے بانی چیئرمین کے نامزد کردہ ڈاکٹر منیر بلوچ کے علاوہ 5 دیگر افراد نے اپنے پینلز کے ہمراہ کاغذاتِ نامزدگی جمع کروا دیے

بلوچستان کی تنظیم کیلئے اپنے پینلز کے ہمراہ کاغذاتِ نامزدگی داخل کروانے والوں میں سید جعفر آغا، نوابزادہ امین اللہ جوگیزئی، داؤد شاہ، سید عبدالصادق اور بابر مرغزانی شامل

خیبر پختونخوا سے بانی چیئرمین کے نامزد کردہ علی امین گنڈا پور کی قیادت میں خیبر پختونخوا کی تنظیم کیلئے پینل کے کاغذاتِ نامزدگی بھی موصول

پاکستان تحریک انصاف کے فیڈرل الیکشن کمیشن کی جانب سے انٹرا پارٹی انتخابات میں شرکت کے خواہاں امیدواروں سے کاغذاتِ نامزدگی کی وصولی کیلئے مرکز اور صوبوں میں الگ الگ ریٹرننگ افسران مقرر کئے گئے۔ ملک بھر میں پاکستان تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات طے شدہ شیڈیول کے مطابق 3 مارچ کو منعقد کئے جائیں گے

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ